SET-4

Series : HMJ/4

کوڈ نمبر
Code No. **260**

Roll No. | | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

NOTE	نوٹ
(I) Please check that this question paper contains **6** printed pages.	(I) آپ جانچ لیجیے کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحوں کی تعداد 6 ہے۔
(II) Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.	(II) پرچہ کے دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
(III) Please check that this question paper contains **5** questions.	(III) آپ یہ بھی جانچ لیں کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 5 ہے۔
(IV) **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**	(IV) **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کی جگہ پر جواب کاپی میں لِکھ دیجیے۔**
(V) 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.	(V) آپ کو پرچہ کے سوال پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ 10 بجکر 15 منٹ تک پرچہ طلبا یں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ میں چھپے سوالوں کو پڑھینگے۔ اس وقت کے دوران آپ جواب کاپی میں کچھ لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

مصوّری (نظریہ)
(ہندوستانی آرٹ کی تاریخ)

PAINTING (Theory)
(HISTORY OF INDIAN ART)
(Urdu Version)

مقررہ وقت : 2، گھنٹے
Time allowed : 2 hours

کُل نمبر : 30
Maximum marks : 30

عام ہدایات : سبھی پانچ (5) سیکشن لازمی ہیں۔ سب کے نمبر برابر ہیں۔

سیکشن-I

ہدایت : سوال کے سبھی چھ حصوں کے جواب لکھیے۔ **1 × 6 = 6**

.1 (a) ہندوستانی قومی جھنڈے میں استعمال ہونے والے 'اشوک چکر' کا علامتی مطلب کیا ہے ؟

(i) جدید ہندوستانی کلچر - 24 ریاستیں اور دولت

(ii) قدیم ہندوستانی کلچر - حرکت، منصفانہ اور لگاتار ترقی

(iii) عہد وسطیٰ کا ہندوستانی کلچر - کامیابی اور اعتقاد

(iv) ہندوستان کی گورنمنٹ - فخر و ناز اور شاندار کامیابی

(b) مشہور ہم عصر (جدید) ہندوستانی گرافک پرنٹ کے مصور (پرنٹ میکر) کرشنا ریڈی کا بنایا ہوا گرافک پرنٹ کا عنوان بتایئے، جو آپ کے نصاب میں شامل ہے :

(i) بھونر

(ii) بچے

(iii) دیوی

(iv) مہاساگر

(c) اپنے نصاب میں شامل مغل اسکول کی مشہور مختصر تصویر ''سلیم کی پیدائش'' کے مصور کا نام بتایئے :

(i) مسکن

(ii) استاد منصور

(iii) رام داس

(iv) رام پرساد

(d) اپنے نصاب میں شامل دکن اسکول کی مشہور مختصر تصویر 'راگنی پٹ- ہنسکا' کے ذیلی اسکول کا نام لکھیے :

(i) حیدرآباد ذیلی اسکول

(ii) گولکنڈہ ذیلی اسکول

(iii) بیجاپور ذیلی اسکول

(iv) احمد نگر ذیلی اسکول

(e) اپنے نصاب میں شامل راجستھانی اسکول کی کشن گڑھ ذیلی اسکول کی مختصر تصویر کا عنوان بتائیے۔

(i) رادھیکا

(ii) رادھا (بنی ٹھنی)

(iii) رادھا - شیام

(iv) بھرت کا رام سے چترکوٹ میں ملاپ

(f) پہاڑی اسکول (کانگڑہ ذیلی اسکول) کی مشہور مختصر تصویر ''نند، یشودہ اور کرشن اپنے کنبے کے ساتھ ورنداون جاتے ہوئے''، جو آپ کے نصاب میں شامل ہے، اس کو کس نے بنایا ؟

(i) مانکو

(ii) پورکھو

(iii) فٹو (Fattoo)

(iv) نین سکھ

سیکشن-II

ہدایت : سوال کے **تینوں حصوں** میں سے ہر **ایک** سوال کا جواب تقریباً **تیس (30) الفاظ** میں لکھیے۔ **2 × 3 = 6**

2. درج ذیل میں سے ہر ایک حصے سے کسی ایک فن کے نمونے (آرٹ-ورک) کے ترتیب دینے کے طریقے کی قدروقیمت کا اندازہ حسن شناسی کی بنیاد پر مختصر الفاظ میں کیجیے :

(a) مارو- راگنی (راجستھانی اسکول)

یا

کرشن گوپیوں کے ساتھ (پہاڑی اسکول)

(b) دارا شکوہ کی بارات (مغل اسکول)

یا

حضرت نظام الدین اولیاء اور امیر خسرو (دکنی اسکول)

(c) رام سمندر پر غالب آتے ہوئے [ہم عصر (جدید) ہندوستانی تصویر]

یا

سنتھال خاندان [ہم عصر (جدید) ہندوستانی مجسمہ]

یا

دیواروں سے سروکار [ہم عصر (جدید) ہندوستانی گرافک - پرنٹ]

سیکشن-III

ہدایت : سوال کے **دونوں حصوں** میں سے ہر **ایک** کا جواب تقریباً **سو (100)** لفظوں میں لکھیے۔ **3 × 2 = 6**

3. درج ذیل میں سے ہر ایک حصے سے **کسی ایک** مختصر تصویر کو آپ کیوں پسند یا ناپسند کرتے ہیں ؟ حسن شناسی کے پیمانے کی بنیاد پر اپنے مناسب اسباب لکھیے۔

(a) گوردھن دھاری کرشنا (مغل اسکول)

یا

کبیر اور ریداس (مغل اسکول)

(b) راگنی پٹ-ہنسکا (دکن اسکول)

یا

چاند بی بی (چوگان) پولو کھیلتے ہوئے (دکن اسکول)

سیکشن-IV

ہدایت : سوال کا جواب تقریباً **دوسو (200)** لفظوں میں لکھیے۔ **6 × 1 = 6**

4. اپنے نصاب میں شامل **کسی ایک** سے متعلق تصویر کو پہچانیئے، جس میں درج ذیل خصوصیات شامل ہوں اور انھیں اس خاص تصویر میں اس کے مطابق بیان کیجیے :

راجستھانی اسکول کی تصویروں میں دمکتے (چمکیلے) ہوئے رنگوں کا گہرے رنگوں کی ہم آہنگی کے مقابلے (فرق کے ساتھ) میں استعمال ہوا ہے، اور یہ شکلوں کی صاف بنی ہوئی آوٹ لائینوں (outlines) کے اندر سپاٹ طریقے (روپ) سے لگائے گئے ہیں، جو اپنی زیادہ تیزی کی وجہ سے سب سے زیادہ دھیان کھینچتے ہیں۔

یا

پہاڑی مختصر تصویروں میں کرشن-لیلا کے مرکزی موضوع (مرکزی خیال) کی بہتات کے ساتھ تصویرکشی کی گئی ہے۔

سیکشن-V

ہدایت : سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں میں لکھیے۔ **6 × 1 = 6**

5. اپنے نصاب میں شامل درج ذیل ہم عصر (جدید) ہندوستانی تصویروں میں سے **کسی ایک** کی خوبصورتی کی تعریف (سراہنا) اس کے (i) مصور کا نام ، (ii) میڈیم و تکنیک، (iii) موضوع اور مواد، (iv) ترتیب دینے کی بنیاد پر کیجیے :

ہلدی پیسنے والیاں

یا

گِدھ